© rasailojaraid.com



خواہش مند کسی فرد کو عملی زندگی کے متنوع گوشوں کے لیے قیمتی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ صلۂ رحمی، ایثار، سادگی، نظافت طبع، دلوں کی نرمی، ملازم سے تعلق، عورتوں کی حدودِ کار، دعوت کا اسلوب موضوعات میں سے چند ہیں۔ اسلوب سہل، دل چسپ اور اس مقصد کے لیے نہایت مناسب ہے۔ اس کتاب سے رسولؐ اللہ کی زندگی کی ایک چلتی پھرتی تصویر نگاہوں کے سامنے آجاتی ہے اور محبت و عقیدت سے بھرپور اطاعت کے لیے مختلف انسانی حیثیتوں میں آپؐ کا اسوۂ مبارک معلوم ہوجاتا ہے۔(مسلم سجاد)

**تقدیرِ اُمم**، منصور علی خاں۔ ترجمہ: ڈاکٹر خالد محمود ترمذی۔ ناشر: احد پبلی کیشنز، ۹-ڈی، سبزہ زار، لاہور۔ صفحات: ۳۲۰۔ قیمت: ۲۴۰ روپے۔

ایک دردمند پاکستانی منصور علی خاں کے مقالات کا مجموعہ جس میں خواندگی، معیشت، نظامِ عدل اور معاشرتی حالات کے حوالے سے پاکستانی معاشرے کو درپیش مسائل کا جائزہ لے کر اسلامی نقطۂ نظر سے حل پیش کیا گیا ہے۔ رجوع الی الدین ہی شاہِ کلید ہے جس سے انقلاب برپا ہوسکتا ہے۔ آخری باب میں انھوں نے ۲۴ تجاویز پر مشتمل ایک لائحہ عمل بھی پیش کیا ہے۔ کتاب کا اُردو ترجمہ پہلے شائع کیا گیا ہے۔ انگریزی میں کتاب ابھی شائع ہونا ہے۔(م - س)

## تعارفِ کتب

☆**محسن انسانیتؐ**، نعیم صدیقی۔ ناشر: الفیصل، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۶۷۰۔ قیمت اعلیٰ اڈیشن: ۴۵۰ روپے۔[نعیم صدیقی کا سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر منفرد مطالعہ اور سیرت پر ان کی مشہور اور مقبول تصنیف کا ادارہ مطالعہ و تحقیق لاہور کے زیراہتمام ۳۸ ویں ڈیلکس (اعلیٰ) اڈیشن کی اشاعت۔ دل کش سرورق، دیدہ زیب طباعت اور سیرت پر مطبوعہ کتب میں عمدہ اضافہ۔]

☆**معارفِ نبویؐ**، خلیل الرحمٰن چشتی۔ ناشر: الفوز اکیڈمی، E-11/4، اسلام آباد۔ صفحات: ۲۷۰۔ ہدیہ: ۱۲۰ روپے۔ [۱۱ موضوعات کے تحت، جیسے عقائد، معاشرت، اخلاقیات، ۵۰۰ احادیث کا مجموعہ جو برائے حفظ ہے لیکن مطالعے کے لیے بھی بہت مناسب ہے۔ حفظ کے لیے ان میں سے ۱۰۰ احادیث (یا ۴۰ احادیث) منتخب کی جاسکتی ہیں۔]

© rasailojaraid.com